Shahbaz Bashir
Batch #403

# انسانی زندگی میں دین کی ضرورت و اہمیت بیان کریں۔ دین اور مذہب میں فرق واضح کریں۔

**تعارف:** انسان کی زندگی میں دین کی بہت اہمیت ہے کیوں کہ دین انسان کو رہنمائی فراہم کرتا ہے اور اسکے ساتھ ساتھ ہی دین انسان کو زندگی کا بنیادی مقصد بتاتا ہے کہ اس کا اس دنیا میں آنے کا کیا مقصد ہے۔ مزید یہ کہ دین سے انسان کو صحیح اور غلط میں پہچان ہوتی ہے کیوں دین کے بغیر انسان اس میں بنیادی فرق ہی واضح نہیں کر سکتا تھا۔ اور یہ کہ دین انسان کو ایک مکمل ضابطہ حیات فراہم کرتا ہے جس سے انسان کو دین سکھاتا ہے۔ طریقے بتاتا ہے ہیں اس نے زندگی کو کس طریقے سے گزارنا ہے۔ اسکے علاوہ دین انسان کو ہر طرح کا شعبہ فراہم کرتا ہے جیسے سیاسی معاشی اخلاقی یعنی سماجی اصول اور انسان کے لیے روشنی اور ہدایت کا ذریعہ بنتا ہے۔ دین انسان کے لیے ایک روحانی سفا کی طرح ہے اور رحمت کا باعث ہے۔ اور جو اس کو نہیں مانتے ان کے لیے یہ ~~نقصا~~ نقصان سوا کچھ بھی نہیں۔

**دین اور مذہب میں فرق** مذہب زیادہ تر انفرادی عقائد عبادات اور رسومات تک محدود ہے جبکہ دین نہ صرف عقائد عبادات اور رسومات کا مجموعہ ہے بلکہ یہ زندگی کے تمام پہلو میں رہنمائی دیتا ہے (معاشی، سیاسی، سماجی، جمالی)

# انسان کی زندگی میں دین کی اہمیت

## دین ہمیں رہنمائی فراہم کرتا ہے

دین انسان کو رہنمائی فراہم کرتا ہے اسے رہن سہن کے طریقے سکھاتا ہے۔ دین میں دنیا کے ہر شعبے میں رہنمائی فراہم کرتا ہے

**یقیناً یہ قرآن اس راستے کی رہنمائی کرتا ہے جو سب سے زیادہ سیدھا ہے۔ اور ایمان والے جو نیک عمل کرتے ہیں۔ انہیں خوشخبری دیتا ہیں ہے کہ ان کے لیے بڑا اجر ہے۔**

**(القرآن)**

## دین زندگی کا مقصد بتاتا ہے۔

جب انسان اس دنیا میں آتا ہے تو اس کی زندگی کا ایک مقصد ہوتا ہے اور مقصد اسے دین سے پتہ چلتا ہے کہ انسان کی زندگی کا بنیادی مقصد کیا ہے۔ دین ہمیں سکھاتا ہے کہ دنیا کی زندگی بہت مختصر سی زندگی اس کے بعد آخرت کی زندگی شروع ہوگی جو کبھی ختم نہیں ہوگی اس لیے دین انسان کو برے کاموں سے روکتا ہے اور نیک کام کرنے کی تلقین کرتا ہے تاکہ ہم آخرت کی زندگی میں کامیاب ہو سکیں۔

CamScanner

## صحیح اور غلط میں فرق اور تمیز سکھاتا ہے۔

دین انسان کو صحیح اور غلط میں فرق بتاتا ہے کہ کونسے کام کرنے سے نیکی ملتی اور کونسے کام کرنے سے برائی پھیلتی ہے جیسے جھوٹ بولنا، غیبت کرنا، چوری کرنا، زنا کرنا یہ سب برے کام ہیں ان سے ~~معاشرے~~ انسان کو آخرت میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اور اس کے ساتھ معاشرے کا توازن بھی بگڑ جاتا ہے۔

## مکمل ضابطہ حیات فراہم کرتا ہے

دین انسان کو ایک مکمل ضابطہ حیات فراہم کرتا ہے چاہے وہ سیاسی ہوں معاشی ہوں یا پھر سماجی ہوں ہر شعبے میں رہنمائی دیتا ہے علامہ اقبال نے فرمایا دین ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو دنیا کے ہر شعبے میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ اور اس رہنمائی سے انسان ایک پرسکون زندگی بسر کرتا ہے جو کہ اسلام کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق ہوتی ہے اور آخرت میں کامیابی کا وسیلہ بنتی ہے

## دین ہر طرح کا شعبہ فراہم کرتا ہے

دین انسان
کو ہر طرح کا شعبہ فراہم کرتا ہے اور ساتھ ہی اس
شعبے سے متعلق رہنمائی بھی فراہم کرتا ہے چاہے
وہ سیاسی ہو چاہے وہ سماجی ہو اور چاہے معاشی
ہو مالیاتی ہو ان تمام شعبوں کے متعلق ہمارے
پاس رہنمائی موجود ہے جو کہ قرآن اور رسول اکرم ﷺ
کی سنت مبارک سے ہمیں ملتے ہیں

## رشد و ہدایت کا ذریعہ

دین انسان
کے لئے رشد و ہدایت کا ذریعہ بنتا ہے
جس سے انسان کی مشکلات آسان ہو جاتی ہیں
اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے

**"اور اللہ تعالیٰ نے آپ پر کتاب اور حکمت نازل فرمائی اور آپ کو وہ سکھا دیا جو آپ نہیں جانتے تھے اور آپ پر اللہ کا بڑا فضل ہے" (القرآن)**

# ہر دور کے لیے روحانی شفا

دین ہر دور کے انسان کے لیے روحانی شفا کا باعث ہے لیکن اس کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ دین پر مکمل طریقے سے عمل پیرا ہوں اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے


"اور ہم قرآن میں وہ چیز نازل کرتے ہیں جو ایمان والوں کے لیے شفا اور رحمت ہے۔ اور یہ ظالموں کے لیے نقصان کے سوا کچھ نہیں"

القرآن

# دین اور مذہب میں فرق

## دین

دین کے لغوی معنی ہیں عقیدہ، اور وہ طریقہ جس سے اللہ تعالیٰ کی عبادت کی جائے




دین عقائد، عبادت اور رسومات کا مجموعہ ہے اور یہ زندگی کے تمام پہلو کے بارے میں رہنمائی فراہم کرتا ہے چاہے وہ معاشی ہوں، سیاسی، سماجی اور عدالتی وغیرہ اس کے علاوہ دین اللہ کی پہچان کرواتا ہے

## مذہب

مذہب انفرادی عقائد، عبادات اور رسومات تک محدود رہتا ہے

